Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۴ ربیع الثانی ۱۳۵۴ھ مطابق ۶ جولائی ۱۹۳۵ء جلد ۳۶

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت ... تعالیٰ دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	منظوری رخصت صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر	۲
(۲)	عطائے آنریری رینک کرنل بہ لفٹنٹ کرنل امتیاز علی خاں۔	//

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور۔

(۳)	منظوری اضافہ ہائے سید امداد علی صاحب (ڈپٹی سکریٹری اجلاس ہمایوں) وغیرہ	(۳)
(۴)	منظوری رخصت مولوی ظہیر احمد خاں صاحب، سپرنٹنڈنٹ جوڈیشل آفس	//

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام جہاں مطاع اعلیٰحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- ۵ سوری
واقع ۲۸ رجون سنہ ۱۹۳۵ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔

حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر۔ صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کی رخصت اتفاقیہ پانچ یوم ۲۹ رجون لغایتہ ۳ رجولائی سنہ ۱۹۳۵ء منظور ہے۔ ۲۸ رجون تعطیل جمعہ سے استفادہ کی اجازت دیجاتی ہے۔

ایام رخصت میں صیغہ مال کا کام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر و صیغہ فائنانس کا کام صاحب فائنانس سکریٹری بہادر حسب ہدایت صاحب منسٹر بہادر انجام دیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

حکم:-
واقع ۳۰ رجون سنہ ۱۹۳۵ء

رپورٹ ملاحظہ ہوئی۔

حسب سفارش صاحب آرمی منسٹر بہادر لفٹننٹ کرنل رستم یار علیخاں پنشن شدہ کو آنریری رینک کرنل کا عطا کیا جاتا ہے۔ اس رینک سے ان کی پنشن وغیرہ کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ اور یہ رینک صرف آنریری ہے

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ اور گزٹ ہو۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم :- واقع ۲۹ر جون ۱۹۳۵ء

(۱) بوجہ کمی تنخواہ و کثرت کار منشی سید امداد علی صاحب ڈپٹی سکریٹری اجلاس ہمایوں۔ منشی کمس اول صاحب ہیڈ اسسٹنٹ اجلاس ہمایوں۔ اور منشی حکیم محمد ابراہیم انگلش کلرک دفتر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر مشاہرہ داران پچاس پچاس روپیہ کی موجودہ تنخواہوں میں حسب اتفاق رائے صاحب فنانس منسٹر بہادر ۱ر جون ۱۹۳۵ء سے چالیس چالیس روپے ماہانہ اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔

(۲) بموجب حکم اجلاس جلالی از قرار دادہ ۲۵ر جون ۱۹۳۵ء بسلسلہ علیحدگی کپتان آغا خان اے ڈی سی مشاہرہ ایک سو بیس روپیہ۔ رقم تنخواہ بجٹ فوج سے گر جاکر ریزرو میں شامل ہو چکی ہے۔ لہذا اس رقم میں سے اسی روپیہ ماہوار کے حساب سے تا ختم سال رواں مبلغ سات سو ساٹھ روپے بجٹ اجلاس ہمایوں کی مدشاہرات میں۔ اور چالیس روپیہ ماہوار کے حساب سے مبلغ تین سو اسی روپیہ بجٹ دفتر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کی مدشاہرات میں منتقل کئے جائیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر کو احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے اسٹیٹ کونسل میں پیش ہوں۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم :- واقع ۲۹ر جون ۱۹۳۵ء

حسب تحریر صاحب چیف جسٹس بہادر۔ مولوی بشیر احمد خان دستیر نشست جوڈیشل آفس کی فرمایش رخصت رعایتی پندرہ یوم سلسلہ سابق از ۲۳ر جون ۱۹۳۵ء تا ۷ر جولائی ۱۹۳۵ء حسب تصدیق استحقاق منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجراء اسٹیٹ کونسل میں پیش ہوں

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر